# جانیں کہ انرجی بلز کتنے ہونے چاہیئیں

اسمارٹ میٹرز کیسے آپ کی اور آپ کے زیر نگہداشت فرد کی مدد کر سکتے ہیں



carersUK making life better for carers

smart meters Join the energy revolution

## اسمارٹ میٹرز اور نگہداشت کنندگان
اسمارٹ انرجی GB میں، ہم کیئررز UK کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ نگہداشت کنندگان کو اسمارٹ میٹرز کے بارے میں اور وہ زیر نگہداشت افراد کے لئے کیسے مفید ہو سکتے ہیں کے بارے میں مزید جاننے میں مدد مل سکے۔

## اسمارٹ میٹر آپ اور آپ کے زیر نگہداشت شخص کے لیے معاون ہو سکتا ہے
اس وقت، ہم میں سے اکثر لوگ انرجی کے زیادہ بلز کی وجہ سے پریشان ہیں۔ اور جب کوئی آپ کسی کی نگہداشت کر رہے ہو، تو شاید آپ کو ان کے بل کے بارے میں بھی فکرمند ہونا پڑے۔ اس سلسلے میں اسمارٹ میٹر آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

اسمارٹ میٹرز ان ہوم ڈسپلے کے ساتھ آتے ہیں۔ ان ہوم ڈسپلے کو بعض اوقات IHD کہا جاتا ہے۔ یہ دکھاتا ہے کہ کوئی گھرانہ کتنی انرجی استعمال کر رہا ہے اور اس پر کتنا خرچ آتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے انرجی کے بلز کتنے ہونے چاہیئیں، جس کا آپ کو اپنا اور اپنے زیرِ نگہداشت شخص کا بجٹ متوازن رکھنے میں کسی حد تک اندازہ ہو جاتا ہے۔

یہی معلومات آپ، یا آپ کے زیر نگہداشت فرد کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دیتی ہیں کہ ہیٹرز کب آن کیے جائیں، تاکہ وہ یقینی طور پر گرمائش میں رہ سکیں۔ یا پھر اس سے آپ کو یہ پتہ لگانے میں بھی مدد مل سکتی ہے کہ کوئی چیز حادثاتی طور پر آن چھوڑ دی گئی ہے — لہٰذا آپ یہ اطمینان کر سکتے ہیں کہ شخص جس کی آپ معاونت کر رہے ہیں غلطی سے انرجی استعمال نہیں کر رہا۔



## اسمارٹ میٹر دیگر طریقوں سے بھی معاون ہو سکتا ہے


اسمارٹ میٹرز آپ کے موجودہ میٹرز ہی کی طرح یہ ریکارڈ کرتے ہیں کہ آپ کتنی بجلی یا گیس استعمال کرتے ہیں۔ تاہم اسمارٹ میٹر کے ذریعے، آپ کے انرجی سپلائر کو براہ راست اور محفوظ طریقے سے ریڈنگز بھیجی جاتی ہیں، لہٰذا آپ — یا آپ کے زیر نگہداشت شخص کو — سیڑھی پر چڑھ کر یا الماری کھنگال کر میٹر کو پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ مصروف رکھنے والے کاموں کی فہرست میں سے ایک چیز تو کم ہوئی۔

**میں ان دوسرے لوگوں کو بھی تجویز دیتی ہوں جو کسی رشتہ دار کی نگہداشت کر رہے ہوں کہ وہ اسمارٹ میٹر لگوائیں۔ میں بلز کا ریکارڈ رکھ سکتی ہوں، ایسا سب اس لیے کیا جا رہا ہے کہ وہ پریشان نہ ہوں۔"**

سارہ (Sarah)، اپنی والدہ جین (Jean) کی نگہداشت کنندہ



# اسمارٹ میٹرز کیسے کام کرتے ہیں



**1.** اسمارٹ میٹر آپ کی انرجی کے استعمال کو ریکارڈ کرتا ہے، جیسے جیسے آپ اسے استعمال کرتے ہیں۔



**2.** IHD یہ دکھاتا ہے کہ آپ کتنی انرجی استعمال کر رہے ہیں، اور کتنی خرچ کر چکے ہیں۔



**3.** اسمارٹ میٹر آپ کے انرجی سپلائر کو خودکار طور پر ریڈنگز بھیجتا ہے۔



**4.** اپنی استعمال کردہ گیس اور بجلی کی مقدار کی بنیاد پر آپ کو بل ملتا ہے۔

اسمارٹ میٹرز انٹرنیٹ سے مربوط نہیں ہوتے۔ نہ ہی ان ہوم ڈسپلے انٹرنیٹ سے مربوط ہوتا ہے۔ لہذا، اسے لگوانے کے لیے انٹرنیٹ تک رسائی ضروری نہیں۔

جو لوگ یہ دیکھ سکتے ہیں کہ کتنی انرجی استعمال کی جا رہی ہے، وہ صرف آپ، آپ کے زیر نگہداشت فرد، اور ان کا انرجی سپلائر ہے۔

معلومات جو انرجی سپلائرز کو بھیجی جاتی ہیں، صرف وہ استعمال شدہ انرجی کی مقدار اور اس کے استعمال کا وقت ہے۔ سپلائرز یہ نہیں دیکھ سکتے کہ کیا چیز پلگ ان ہے، یا واشنگ مشین کب آن ہے!

## پری پے (پیشگی ادائیگی والے) اسمارٹ میٹرز

اگر آپ کا زیر نگہداشت شخص پری پے میٹر پر ہے، تو وہ اسمارٹ میٹر لگوا سکتے ہیں، پری پے اسمارٹ میٹر کے ساتھ، آپ آن لائن یا موبائل فون کے ذریعے اور اس کے علاوہ کسی شاپ میں بھی ٹاپ اپ کر سکتے ہیں۔ پری پے اسمارٹ میٹر ان ہوم ڈسپلے کے ساتھ آتا ہے جو یہ دکھاتا ہے کہ ٹاپ اپ کا وقت ہو چکا ہے۔



## یہ دیکھنا کہ آپ نے کتنی انرجی استعمال کی ہے

ان ہوم ڈسپلے دکھاتا ہے کہ آپ کے زیر نگہداشت شخص نے کتنی انرجی استعمال کی ہے اور اس پر کتنا خرچ آیا ہے۔ آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ آپ کا آج کا، اس ہفتے کا یا اس ماہ کا استعمال کتنا ہے۔

اگر آپ کے زیر نگہداشت شخص نے صرف گیس کے لیے اسمارٹ میٹر لگوایا ہوا ہے، تو ان ہوم ڈسپلے صرف یہ دکھائے گا کہ انہوں نے کتنی مقدار میں گیس استعمال کی ہے۔ اگر انہوں نے صرف بجلی کے لیے اسمارٹ میٹر لگوایا ہے، تو ان ہوم ڈسپلے صرف یہ دکھائے گا کہ انہوں نے کتنی مقدار میں بجلی استعمال کی ہے۔

اسمارٹ میٹرز گھرانوں کو انرجی بچانے میں مدد دے سکتے ہیں، لیکن یہ آٹومیٹک نہیں ہوتا۔ بہت سے نگہداشت کنندگان کو ان ہوم ڈسپلے مفید لگتا ہے۔ اس سے آپ اور آپ کے زیرنگہداشت شخص کو اپنے بجلی کے استعمال کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اس سے آپ دونوں کو یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ کہاں انرجی اور پیسے بچانے ہیں۔

مثلاً سارہ، جو اپنی والدہ جین کی نگہداشت کرتی ہیں، ان کا کہنا ہے کہ:

> **"اس سے آپ کو حقیقی وقت کے اندر پتہ چلتا ہے کہ آپ کتنی پاور استعمال کر رہے ہیں۔ اگر کوئی چیز حادثاتی طور پر آن رہ جائے، تو شاید کچھ لمحے کے لیے آپ کا اس طرف دھیان نہ ہو لیکن ان ہوم ڈسپلے میں آپ اسے دیکھ سکیں گے۔ یہ میری والدہ کو زیادہ خودمختار بناتی ہے۔"**




یہ تصویر ظاہر کرتی ہے کہ عام ان ہوم ڈسپلے کیسا نظر آتا ہے۔

## قابل رسائی ان ہوم ڈسپلے (AIHD)

بعض انرجی سپلائرز ان ہوم ڈسپلے کا قابل رسائی ورژن بھی پیش کرتے ہیں، جسے بعض اوقات AIHD کہا جاتا ہے۔ ان میں ایسی خصوصیات ہوتی ہیں جو آپ یا آپ کے زیر نگہداشت شخص کے لیے مفید ہو سکتی ہیں۔ مثلاً ان میں بڑے بٹنز ہوتے ہیں اور یہ با آوازِ معلومات بیان کر سکتے ہیں۔

AIHD اس صورت میں کارآمد ثابت ہو سکتا ہے کہ اگر آپ، یا آپ کا زیر نگہداشت شخص:

- بینائی سے محروم ہوں یا کمزور بصارت کا حامل ہو
- ہاتھوں اور کلائیوں کا استعمال کرنے میں مشکل پیش آتی ہو، یا
- حافظہ کمزور ہو جانے کے مسائل کا شکار ہوں

اپنے سپلائر سے قابل رسائی ان ہوم ڈسپلے حاصل کرنے کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے درخواست کریں۔




یہ تصویر ظاہر کرتی ہے کہ عام قابل رسائی ان ہوم ڈسپلے کیسا نظر آتا ہے۔

## اسمارٹ میٹر لگوانا

اسمارٹ میٹرز گیس اور بجلی کے سپلائرز کی طرف سے نصب کیے جاتے ہیں۔ وہ آپ کے پرانے انرجی میٹرز تبدیل کرتے ہیں، اور بالکل محفوظ اور خطرے سے پاک طریقے سے یہ کام انجام دیتے ہیں۔ کسٹمر کو کوئی اضافی خرچ نہیں اٹھانا پڑتا۔

**ان کے کام کرنے کا طریقہ یہ ہے:**

1. اسمارٹ میٹر نصب کروانے کے لیے وقت اور تاریخ مقرر کرنے کے لیے اپنے انرجی سپلائر سے رابطہ کریں۔

   اکثر صورتوں میں، آپ اپنے زیر نگہداشت شخص کے لیے اپائنٹمنٹ طے کروا سکتے ہیں، تاہم سپلائر کچھ سکیورٹی سوالات پوچھ سکتا ہے۔

   آپ اس بات کا اطمینان کر سکتے ہیں کہ ایسا وقت ہو جب آپ بھی وہاں موجود ہوں۔ سپلائر کو یہ چیک کر لینا چاہیئے کہ آیا کسٹمر — آپ کے زیر نگہداشت فرد کو — کوئی بھی مخصوص ضروریات درپیش ہیں، جیسے کہ وہاں کسی نگہداشت کنندہ کی موجودگی۔

2. میٹر نصب کرنے والا شخص مقررہ وقت پر پہنچ جائے گا اور آپ، یا آپ کے زیر نگہداشت شخص کو، اپنی ID دکھائے گا۔ اگر وہ آپ کو ID نہیں دکھاتے، تو آپ دکھانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

3. وہ موجودہ میٹر منقطع کر دیں گے اور اسے اسمارٹ میٹر سے تبدیل کر دیں گے۔

4. جب اسمارٹ میٹر کام کرنا شروع کر دے، تو میٹر نصب کرنے والے شخص کو چاہیئے کہ آپ اور آپ کے زیر نگہداشت شخص کو ان ہوم ڈسپلے کے استعمال کا طریقہ دکھائے۔

کچھ گھروں میں اسمارٹ میٹر ابھی تک نہیں لگ سکے تاہم رول آؤٹ کے اختتام پر وہ بھی انہیں لگوا سکیں گے۔ جب آپ کے انرجی سپلائر آپ کو آگاہ کر سکتے ہیں کہ کیا آپ کا زیر نگہداشت شخص یہ لگوا سکتا ہے۔ وہ آپ کو یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ کتنی جلدی آپ انہیں لگوا سکتے ہیں۔

**اہم**

- اسمارٹ میٹرز نصب کیے جانے کے وقت کسی نہ کسی کو گھر پر ہونا چاہیئے۔ یہ آپ، آپ کا زیر نگہداشت شخص، یا دونوں ہو سکتے ہیں

- اگر نگہداشت کنندہ کے طور پر، آپ نے، سپلائز کو آگاہ کر دیا ہے کہ اسمارٹ میٹر نصب ہونے کے وقت آپ کی موجودگی ضروری ہے، اور کسی بھی وجہ سے آپ وہاں موجود نہ ہوئے، تو اس صورت میں سپلائر کو اسمارٹ میٹر نصب نہیں کرنا چاہیئے

- اگر گیس اور بجلی کے میٹرز ایک ہی وقت میں تبدیل کیے جا رہے ہوں، تو اس میں تقریباً دو گھنٹے لگیں گے۔ اگر صرف ایک ہی میٹر ہے، تو تب یہ عمل تیز ہو سکتا ہے

- اسمارٹ میٹر کے نصب کیے جانے کے وقت انرجی سپلائی کچھ دیر کے لیے بند کر دی جائے گی۔ اگر آپ کے زیر نگہداشت شخص کو صحت کی کسی کیفیت میں مدد کی خاطر انرجی کی ضرورت ہو، تو براہ کرم اپائنٹمنٹ طے کرتے وقت انرجی سپلائر کو اس بات سے آگاہ کر دیں



## آپ کو اپنے زیر نگہداشت شخص کی معاونت کرنے کے سلسلے میں مدد فراہم کرنا

اسمارٹ میٹر کے ساتھ، آپ — اور آپ کا زیر نگہداشت شخص — اپنے انرجی کے استعمال کی اچھی طرح سے نگرانی کر سکتا ہے جس سے آپ کو اپنا گھریلو بجٹ درست رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ تاہم ہم جانتے ہیں کہ جب انرجی سپلائرز سے ڈیلنگ کی بات آئے تو بہت سے نگہداشت کنندگان مزید معاونت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

## ایک نامزد فریق ثالث بنیں

اگر آپ کو اپنے زیر نگہداشت شخص کے لیے فیصلے کرنے اور ان کے بلز کی ادائیگی کی ضرورت ہو، تو ان کے اکاؤنٹ میں آپ کا نامزد فریق ثالث کے طور پر موجود ہونا آپ کے لیے مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ اس سلسلے میں آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے، یہ جاننے کے لیے ان کے انرجی سپلائر سے رابطہ کریں۔

## اسمارٹ میٹر کی محفوظ تنصیب

زدپذیر کسٹمرز کی حفاظت کے لیے، بہت سے انرجی سپلائرز پاس ورڈ اسکیم استعمال کرتے ہیں۔ تنصیب کی اپائنٹمنٹ طے کرتے وقت، آپ سپلائر کے ساتھ ایک پاس ورڈ مقرر کر سکتے ہیں۔ میٹر نصب کرنے والا شخص پھر اگر آپ — یا آپ کے زیر نگہداشت شخص کے سامنے وہ پاس ورڈ بولے — تو انہیں گھر میں داخل ہونے دیں۔



## ترجیحی سروسز کے رجسٹر (PSR) میں سائن اپ کریں

اپنے زیر نگہداشت شخص کا ترجیحی سروسز کے رجسٹر (PSR) میں اندراج کروانا بھی ایک اچھا خیال ہے۔

PSR ایک مفت اور رضارکارانہ سسٹم ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ انتہائی زدپذیر کسٹمرز کو انرجی سپلائرز کی طرف سے درست معاونت ملے۔ اس میں کسی بھی مجوزہ سروس میں خلل کا پیشگی نوٹس یا پاور کٹ میں ترجیح شامل ہو سکتی ہے۔

PSR میں شامل ہونے کے بعد، کوئی بھی شخص بڑے فارمیٹ یا بریلے بلز کی بھی درخواست کر سکتے ہیں، یا اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹس یا بلز کے بارے میں یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ ان کے بجائے آپ کو بھیجے جائیں - یا ان کو بھیجتے ساتھ ہی - آپ کو بھی بھیجے جائیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ PSR میں اندراج سے آپ کے زیر نگہداشت شخص کو مدد ملے گی، تو مزید جاننے کے لیے ان کے انرجی سپلائر سے رابطہ کریں۔

## مزید معلومات

کیئررز UK کی ویب سائٹ پر مزید بہت سی معلومات موجود ہیں، جن میں سروسز کے استعمال یا پاور آف اٹارنی کا بندوبست کرنے کے حوالے سے نگہداشت کنندگان کے لیے تجاویز شامل ہیں: carersuk.org/tips-from-carers

## آگے کیا کرنا ہے، ذیل میں درج ہے

آج ہی ا 'get a smart meter' تلاش کریں۔ یا اپنے زیر نگہداشت شخص کے انرجی سپلائر سے رابطہ کریں اور ان سے درخواست کریں کہ کیا وہ اسے لگوا سکتے ہیں۔

آپ ان کے بل پر رابطے کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔ یا کسی سپلائر کے مفت فون یا ٹیکسٹ فون نمبرز معلوم کرنے کے لیے ملاحظہ کریں:
smartenergyGB.org/supplier-free-phone-numbers

کیئررز UK انگلینڈ اور ویلز (246329) اور اسکاٹ لینڈ (SC039307) کے اندر ایک رجسٹر شدہ چیئرٹی ادارہ اور انگلینڈ اور ویلز (864097) کے اندر رجسٹر شدہ گارنٹی کے ذریعے سے ایک لمیٹڈ کمپنی ہے۔

# اسمارٹ میٹر کے ذریعے، آپ کو اپنے زیر نگہداشت شخص کی معاونت کرنے کے سلسلے میں مدد فراہم کرنا

carersUK
making life better for carers

smart meters
Join the energy revolution

مواد اپریل 2022 کے حساب سے بالکل درست ہے